ضلع کے مختلف مقامات پر آتشزدگی کے واقعات

لاکھوں روپے مالیت کا سامان اور گیہوں کی فصل جل کر راکھ

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) جمعرات کی طرح آج جمعہ کو بھی ضلع کے کئی مقامات پر آتشزدگی کے کئی واقعات ہوئے ہیں- اس دوران لاکھوں مالیت کا سامان اور گیہوں کی فصل وغیرہ جل کر راکھ ہوگئی-

معلوم ہو کہ پچھلے دو دنوں سے ضلع کے مختلف مقامات پر آتشزدگی کے کئی واقعات ہو چکے ہیں- پچھلے تین چار دنوں سے چل رہی تیز لو کی وجہ سے لگنے والی آگ چند لمحوں میں خطرناک رخ اختیار کر لیتی ہے اور چاروں طرف قہر برپا کر دیتی ہے- آج بھی تھانہ عیسی نگر کے موضع ناری بیہڑ میں آگ لگ گئی- دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے مٹرو، بیج ناتھ، رام سروپ و رام ساگر کے گھروں کو جلا کر راکھ کر دیا- متاثرین نے بتایا کہ رام سروپ کے گھر میں بندھی ان کی دو بکریاں بھی جل کر مر گئیں- تینوں گھروں میں ایک لاکھ 25 ہزار کی نقدی بھی جل گئی- اس دوران فائر بریگیڈ نہ پہنچنے سے گاؤں والوں نے کافی مشقت کے بعد آگ پر قابو پایا- ادھر عیسی نگر کے ہی موضع نکہیا میں رہنے والے ادو کی 60 بیگھہ کھیت میں کٹی پڑی گیہوں کی فصل میں اچانک آگ لگ گئی- آگ لگنے کی اطلاع پا کر موقع پر پہنچی آگ بجھانے والی گاڑی خراب ہوگئی- یہ دیکھکر کھیت مالک نے گاؤں والوں کی مدد سے آگ کو قابو میں کرنے کے لیے کئی ٹریکٹروں سے کھیت میں جل رہی آگ کے چاروں طرف جتائی کر کے کسی طرح قابو پایا- اس دوران قریب 40 بیگھہ فصل جل کر راکھ ہوگئی- بیشتر گاؤں والوں کا کہنا ہے کہ کچھ لوگ گاؤں سے نکل کر چوری چھپے کھیتوں میں گانجا پینے گئے ہوئے تھے- انہی کی وجہ سے آگ لگنے سے گیہوں کی فصل جل کر راکھ ہوئی ہے- ادھر تھانہ نگھاسن کے تحت گووند پور فارم میں درگا پوروہ کے رہنے والے بال گووند کے گیہوں کے کھیت میں آگ لگ گئی- آگ سے ایک ایکڑ سے زیادہ گیہوں کی فصل جل کر راکھ ہوگئی- اسی طرح تحصیل لکھیم پور کے موضع مور تیہا میں گیہوں کے کھیت میں آگ لگنے سے 10 ایکڑ گیہوں کی فصل جل کر راکھ ہو گئی ہے-

جتن پرساد کا پولنگ کے دوران کئی مراکز کا دورہ

بریلی (ایس این بی) 26 پارلیمانی حلقہ پیلی بھیت کے بھاجپا امیدوار اور ریاستی وزیر برائے تعمیرات عامہ جتن پرساد نے آج پولنگ کے دوران کئی گھنٹہ بہیڑی میں گزارے- واضح رہے کہ بریلی کی تحصیل بہیڑی پیلی بھیت پارلیمانی حلقہ کا ہی حصہ ہے- جتن پرساد دوپہر ایک بجے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ بہیڑی پہنچے تھے جہاں 403 بوتھوں پر پولنگ چل رہی تھی- جتن پرساد نے بہت سے پولنگ اسٹیشنوں پر پہنچ کر اپنے پولنگ ایجنٹوں سے ملاقات کر کے ان کی حوصلہ افزائی کی اور ان کا شکریہ بھی ادا کیا- بہیڑی دورہ کے دوران بہیڑی کے بھاجپا شہر صدر سنیل رستوگی، نائب صدر راہل گپتا، جبر سنگھ، ارون گنگوار بلاک پرمکھ امریندر سنگھ گولڈی وغیرہ بھی جتن پرساد کے ساتھ رہے-

ایک امیدوار نے پرچہ نامزدگی داخل کیا

شاہجہاں پور (ایس این بی) آج شاہجہاں پور پارلیمانی حلقہ سے کل 5/ امیدواروں نے 6/ سیٹ لیے- جن میں بھارتیہ کرشک دل نے 1/، مانو کرانتی پارٹی نے 2/، بھارتیہ مزدور پارٹی نے 1/، سبھاش چندر بوس پارٹی نے 1/ اور آزاد امیدوار نے 1/ سمیت کل 5/ امیدواروں نے 6/ سیٹ لیے- لوک سبھا انتخابی حلقہ کے لیے سردار پٹیل سدھانت پارٹی کے امیدوار پریم چندر ہریجن نے پرچہ نامزدگی داخل کیا- ضمنی انتخاب اسمبلی ددرول میں بہوجن سماج پارٹی نے 4/، بھارتیہ کرشک دل نے 2/، آزاد سماج پارٹی نے 1/، آزاد ادھیکار سینا پارٹی نے 1/ سمیت کل 8/ سیٹ لیے- ضمنی انتخاب اسمبلی ددرول میں کوئی کاغذات نامزدگی داخل نہیں کیا گیا

پلیا میں سپا کے امیدوار نے کیا انتخابی دفتر کا افتتاح

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) کھیری پارلیمانی سیٹ سے سماجوادی پارٹی کے امیدوار اتکرش ورما آج قصبہ پلیا پہنچے- یہاں انہوں نے اپنے انتخابی دفتر کا افتتاح کیا- انتخابی دفتر کے افتتاح کے بعد انڈیا الائنس کے رہنماؤں کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کی- اتکرش ورما نے کہا کہ بی جے پی حکومت سے لے کر کھیری پارلیمانی سیٹ تک ان کے نمائندے دہشت میں ہیں اور کسی طرح دوبارہ واپس آنا چاہتے ہیں- انہوں نے کہا کہ حال ہی میں سوشل میڈیا میں وائرل ایک ویڈیو میں صاف طور پر دیکھا جا سکتا ہے کہ بی جے پی امیدوار اور موجودہ وقت میں مرکزی حکومت میں وزیر کس طرح سے سوال اٹھانے والے ایک شخص کو دھمکی دے رہے ہیں- انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ عوام ہٹلر شاہی پر آمادہ حکومت کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے- سماجوادی پارٹی کے ضلع صدر رامپال یادو نے کہا کہ بی جے پی امیدوار ڈرا دھمکا کر ووٹ حاصل کرنا چاہتے ہیں- انہوں نے کہا کہ کوٹیداروں، بی ڈی سی اور پردھانوں کو خوفزدہ کر کے بی جے پی کے حق میں ووٹ دلانے کی کوشش کی جا رہی ہے- رامپال یادو نے کہا کہ عوام بی جے پی سے پریشان ہو چکی ہے اور اب پوری طرح بدلاؤ کرنے کا ارادہ کر لیا ہے- انتخابی دفتر کے افتتاح کے دوران پلیا کے انچارج پریتیندر سنگھ ککو و کانگرس کے ریاستی سکریٹری بلرام گپتا کے علاوہ سابق چیئرمین محمود حسین خاں، گرپریت سنگھ جارجی سمیت درجنوں انڈیا الائنس کے کارکن موجود رہے-

غازی آباد سے غازی پور تک ضبط ہوگی

انڈیا اتحاد کی ضمانت: کیشو پرساد موریہ

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) اتر پردیش کے نائب وزیر اعلی کیشو پرساد موریہ نے کہا ہے کہ انڈیا الائنس کی غازی آباد سے غازی پور تک ضمانت ضبط ہوگی- انہوں نے کہا کہ مودی بھروسہ ہے اور کانگرس، سپا، بسپا دھوکہ ہے- ڈپٹی سی ایم کیشو پرساد موریہ آج نگھاسن میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے بوتھ کارکنوں سے مخاطب تھے-

انہوں نے کہا کہ 2019 کے الیکشن میں اپوزیشن کی ضمانت ضبط ہوگئی تھی- بھارتیہ جنتا پارٹی کو ہر ایک بوتھ سے گزشتہ الیکشن کی بہ نسبت 370 ووٹ زیادہ ملنا ضروری ہے- اس سے جیت کے فیصد میں مزید اضافہ ہوگا- انہوں نے کہا کہ کانگرس حکومت عوام کو 100 سال پیچھے لے کر گئی ہے اور بی جے پی حکومت 100 سال آگے لے کر چل رہی ہے- انہوں نے کہا کہ 2024 میں بھارتیہ جنتا پارٹی 400 پار ہے اور 1947 میں بھی بھارتیہ جنتا پارٹی پوری اکثریت سے حکومت بنائے گی- کیشو پرساد موریہ نے کہا کہ بی جے پی حکومت تین کروڑ پردھان منتری آواس بنا کر دے گی- انہوں نے عام آدمی پارٹی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بی جے پی حکومت نے بدعنوان وزیر اعلی اروند کیجریوال کو سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا ہے- بی جے پی اور مودی کا نعرہ ہے کہ نہ کھاؤں گا اور نہ کھانے دوں گا- پہلے جو ملک کو لوٹتے تھے وہی آج ناراض ہیں- انہوں نے کہا کہ پہلے یہ نیتا مندر نہیں جاتے تھے اور اب سب مندر جانے لگے ہیں- انہوں نے کہا کہ جس گاڑی میں سماجوادی پارٹی کا جھنڈا لگا ہوتا ہے اس میں اتنا بڑا ہی غنڈا بیٹھا ہوتا ہے- ڈپٹی سی ایم نے کہا کہ میرا بوتھ سب سے مضبوط ہونا چاہیے- پروگرام سے قبل ڈپٹی سی ایم کو یادگاری نشان دے کر اعزاز دیا گیا-

بلال حسن وقف غلام رسول خاں کے متولی مقرر

شاہجہاں پور (ایس این بی) وقف غلام رسول خان، محلّہ محمد زئی وقف نمبر 13-ای شاہجہاں پور، اتر پردیش سنی سنٹرل وقف بورڈ نے اپنے حکم نامہ کے ذریعے بلال حسن ولد مرحوم مسرت حسن خان کو متولی مقرر کیا گیا ہے-

محکمہ جنگلات نے جنگل صاف کرنے کیلئے لگائی آگ

جھاڑیاں جل گئیں۔ جنگلی جانوروں کے مسائل میں اضافہ

مہی پوروہ ر بہرائچ (ایس این بی) تیز دھوپ و گرم ہواؤں کی وجہ سے عالم لوگوں سے لے کر مویشی، چرند پرند تک شدید گرمی میں اب پریشانی اٹھا رہے ہیں۔ تیز دھوپ کی وجہ سے ندی، نالی، پوکھر و تالاب خشک ہونے کے کگار پر ہیں جس سے گاؤں والوں کے مویشیوں کو بھی پانی کی دقت ہو رہی ہے ساتھ ہی تحصیل مہی پوروہ کے کترنیا جنگلات کے گھنے جنگلوں میں رہنے والے خطرناک جانور بھی پانی کی تلاش میں بھٹک رہے ہیں۔ کترنیا جنگل کے الگ الگ رینجوں میں جنگل کی صفائی کیلئے پتیوں کو سمیت کر آگ لگا دی گئی۔ جنگل میں لگائی گئی آگ سے جنگل کی صاف صفائی تو ہو جاتی ہے لیکن جس جگہ آگ لگائی جاتی ہے اس جگہ پر کئی کلومیٹر تک جانوروں کے کھانے کیلئے لگی گھاس بھی جل جاتی۔ دوسری طرف آگ لگنے سے جنگل کے ماحول میں گرمی مزید بڑھ جاتی ہے۔ جنگل کے درمیان میں جو تالاب و پوکھر ہیں اس شدید گرمی وہ بھی تقریباً خشک ہونے کے کگار پر پہنچ جاتے ہیں۔

لوگ جنگل میں آگ کیوں لگاتے ہیں: جنگل میں آگ لگانے کے بابت سرکل افسر موتی پور ایس کے تیواری نے بتایا کہ جنگل میں آگ صرف جنگل کی حفاظت کے لیے لگائی جاتی ہے، انہوں نے کہا کہ جنگل کو آگ سے بچانے اور صفائی کے لیے کچھ جگہوں پر فائر لائن کاٹ کر آگ لگائی جاتی ہے۔ کیونکہ ساگوان کے خشک پتے اور خشک پتیاں بہت تیزی سے آگ پکڑتے ہیں، اس لیے ہم سال بھر جنگل میں گرنے والی تمام جھاڑیوں یا خشک پتوں کو ایک جگہ جمع کرتے ہیں اور پھر فائر لائن کو کاٹ کر آگ لگا دیتے ہیں۔ اس عمل کے بعد جنگل کو صاف کیا جاتا ہے۔ جب جنگل میں خشک پتے اور جھاڑیاں نہیں ہوں گی تو جنگل میں آگ لگنے کا خطرہ کم ہوگا۔

جب گرمی پڑنے لگتی ہے تبھی کیوں لگائی جاتی ہے آگ: چلچلاتی گرمی کے آغاز میں جنگل میں آگ لگانے کے سوال کے جواب میں فاریسٹ ایریا آفسر موتی پور ایس کے تیواری نے کہا کہ پت جھڑ کے بعد درختوں کے نیچے خشک پتوں کا ڈھیر جمع ہو جاتا ہے۔ اس لیے موسم گرما شروع ہوتے ہی خشک پتوں کو نکالنا ضروری ہو جاتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بارش کے موسم میں جنگل میں نئے پودے لگائے جاتے ہیں اس وقت نئے پودے نہ لگنے کی وجہ سے جنگل میں آگ لگنے سے کوئی نقصان نہیں ہوتا اور بارش کے وقت نئے پودہ لگانے کیلئے ہمیں صاف جنگل مل جاتا ہے۔

لڑکے کی ندی میں تیرتی لاش برآمد

بہرائچ (ایس این بی) مہی پوروہ علاقہ کے پڑریا گھاٹ کے پاس ندی میں جمعرات کی شام ایک لڑکے کی لاش تیرتی ملی۔ لاش کی شناخت ہوتے ہی اہل خانہ میں کہرام مچ گیا۔ جمعرات کی دوپہر میں کسی شخص کی موت پر آخری رسوم کے بعد لڑکا ندی میں نہاتے وقت ڈوب گیا تھا۔ لاپتہ لڑکے کو اہل خانہ تلاش کر رہے تھے۔ اطلاع پر پہنچی پولیس نے لاش کو قبضہ میں لے کر پوسٹ مارٹم کیلئے بھیج دیا۔ موتی پور تھانہ کے پرینا رگھوناتھ پور میں بدھ کو کسی شخص کی دیر شام موت ہوگئی تھی۔ لاش کا جمعرات کی دوپہر میں موتی پور تھانہ کے پڑریا گھاٹ پر آخری رسوم کی گئی تھی۔ آخری رسوم میں پرینا رگھوناتھ پور کا 14 سالہ شیوا عرف کشن ولد بانکے بھی آیا تھا۔ اس کے بعد شیوا کا پتہ نہیں چل رہا تھا۔ جمعرات کی شام لوگوں نے پڑریا گھاٹ پر اس کی لاش ندی میں تیرتی دیکھی تو اہل خانہ کو اطلاع دی گئی۔ وہیں اہل خانہ نے بتایا کہ لڑکے کا والد ریاست کے باہر کمانے گیا تھا۔ اطلاع دے دی گئی ہے وہ گاؤں آ رہے ہیں۔

ایڈن پبلک اسکول میں حج تربیتی کیمپ آج

شاہجہاں پور (ایس این بی) ضلع سے سفر حج پر جانے والے عازمین کو مرکز مدرسہ دار الصاحین آ؟ ینوں والی مسجد، مہمند جنگلہ کی انجمن معین الحجاج کے زیر اہتمام پہلا حج ٹریننگ کیمپ 20 اپریل کو صبح 9 بجے سے ایڈن پبلک اسکول جھنڈا کلاں، شاہجہاں پور میں حج ٹرینر کے ذریعے حج کی تربیت دی جائے گی۔ جس میں حج پر جانے والے عازمین سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ بروقت تربیتی مرکز میں حاضر ہو کر تربیت حاصل کریں، تاکہ انہیں دورانِ حج کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ یہ اطلاع حج ٹرینر پروفیسر سید محمد نعمان نے دیتے ہوئے بتایا کہ کیمپ میں حج بیت اللہ کے ادا کرنے کا طریقہ اور مسائل حج و زیارت روضہ اطہر کے فضائل پر تفصیلی بیان ہوں گے۔ انہوں نے عازمین حج اپنے اپنے تمام ضروری کاغذات لیکر وقت مقررہ پر تربیتی کیمپ میں پہنچنے کی اپیل کی ہے۔

فرحت خان نے پرچہ نامزدگی داخل کیا

بریلی (ایس این بی) آل انڈیا

اتحاد ملت کونسل کے ضلع صدر فرحت خان نے آج بریلی پارلیمانی حلقہ سے آئی ایم سی کی حمایتی امیدوار کے طور پر اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے۔ واضح رہے کہ ویسے تو شہر میں یہ خبر عام ہو رہی تھی کہ مولانا توقیر رضا خاں خود بریلی سے الیکشن لڑ سکتے ہیں مگر جب فرحت خان نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے تو مولانا کے الیکشن لڑنے کی خبر افواہ ثابت ہوئی۔ فرحت خان پارٹی کے بیشتر ذمہ داران کے ساتھ کلکٹریٹ پہنچ کر کاغذات نامزدگی داخل کئے۔ کونسل کے میڈیا انچارج منیر ادریسی نے اس سلسلہ میں بتایا کہ مولانا توقیر رضا خاں کے حکم کے مطابق فرحت خان نے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ مولانا کا کہنا ہے کہ ایک طرف بھاجپا کی کھلی ڈکٹیٹر شپ ہے دوسری طرف خود ساختہ وہ سیکولر پارٹیاں جو آپ کے ووٹ تو لینا چاہتے ہیں مگر آپ کے ساتھ کھڑے ہونے کو تیار نہیں ہے۔ یہ پارٹیاں مسلم قیادت کو ختم کرنا چاہتی ہیں۔ اس لئے ان سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ فرحت خان کے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کے موقع پر نفیس خاں، ندیم خاں، منیر ادریسی، افضال بیگ، ندیم قریشی، مخدوم بیگ، مولانا احسان الحق اور تقدیر الحسن وغیرہ موجود تھے۔

الیکشن کے لئے سیکٹر مجسٹریٹ کو ٹریننگ دی گئی

شاہجہاں پور (ایس این بی) لوک سبھا کے عام انتخابات کو محفوظ طریقے سے کرانے کے لیے آج سینٹ پال اسکول میں سیکٹر مجسٹریٹ کو ٹریننگ دی گئی۔ 278/ سیکٹر مجسٹریٹس کو تربیت دی جانی تھی جن میں سے 11/ سیکٹر مجسٹریٹس اور 22/ زونل مجسٹریٹس غیر حاضر رہے۔ گزشتہ ٹریننگ میں غیر حاضر رہنے والے 142/ پریذائیڈنگ افسران میں سے 42/ نے آج اپنی حاضری درج کرائی اور ٹریننگ حاصل کی۔ ڈی ڈی او پون کمار نے کہا کہ ضلع الیکشن افسر نے باقی غیر حاضر اہلکاروں کو وجہ بتاؤ نوٹس جاری کرنے کی ہدایت دی ہے۔

آگ کی لپٹوں میں پھنس کر بچہ زندہ جل گیا

پچھوا ہوا کی وجہ سے بھڑکی آگ، ایک لاکھ کے نقصان کا اندازہ

بھرائچ (ایس این بی) تیز رفتار چل رہی پچھوا ہواؤں میں نامعلوم وجہ سے لگی آگ بھڑک گئی۔ آگ کی زد میں آ کر دو مڈھے تو آئے ہی ایک مڈھے میں آگ کی لپٹوں میں پھنس کر پانچ سالہ معصوم کی زندہ جل کر موت ہوگئی۔ شدید لگی آگ کو جب تک بجھایا جاتا سب کچھ جل کر تباہ ہونے کے بعد فائر بریگیڈ موقع پر پہنچی۔ حادثہ کی جانکاری ہوتے ہی تحصیلدار اجے کمار یادو موقع پر پہنچ گئے۔ ڈی ایم نے متاثرہ کنبوں کو 24 گھنٹہ کے اندر راحت و غیر ضروری مدد مہیا کرانے کیلئے ایس ڈی کو ہدایت دیا ہے۔ اطلاع کے مطابق نان پارا کوتوالی سے وابستہ گاؤں شیو پور بلاک ہے۔ یہاں جمعہ کی دوپہر میں تقریباً 12 بجے لکشمن پرساد ولد جگن و سنوج ولد لکشمن پرساد کے پھونس کے مڈھوں میں آگ لگ گئی۔ آگ لگتے ہی گاؤں والے بجھانے کیلئے دوڑے مگر تک آگ نے شدید رخ اختیار کر لیا تھا۔ آگ لگنے کی جانکاری فائر بریگیڈ و کوتوالی پولیس کو دی گئی۔ اطلاع پر پولیس و ریونیو محکمہ کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔ آگ سے پوری جائداد جل کر برباد ہوگئی۔ سنوج کے گھر میں سو رہے پانچ سالہ بیٹے کلدیپ کی جھلس کر دردناک موت ہوگئی۔ حادثہ کے وقت دونوں گھروں کے لوگ کھیت پر گیہوں کی فصل کی کٹائی کرنے گئے تھے۔ گاؤں والوں نے نل کے سہارے آگ بجھانے کی کوشش کی۔ جب تک فائر بریگیڈ موقع پر پہنچتی دونوں مڈھے و ان میں رکھا سارا سامان جل کر برباد ہو چکا تھا۔ بچے کی زندہ جل کر موت کے حادثہ کی جانکاری پر تحصیل دار اجے کمار یادو، نائب تحصیلدار سریندر کمار ورما، ریونیو انسپکٹر پلٹو رام، ریونیو لیکھ پال ستیم ساہو موقع پر پہنچے۔ تحصیلدار نے بتایا کہ ڈی ایم کی ہدایت پر 24 گھنٹہ میں متاثرہ کنبہ کو مالی مدد دلائی جائے گی تب تک ترپال و دیگر اشیاء فراہم کرادی گئی ہے۔

بینک ملازمہ کے گلے سے زنجیر کھینچ کر بدمعاش فرار

ایس پی نے سی او سٹی کی قیادت میں دو ٹیمیں تشکیل دیں

بھرائچ (ایس این بی) شہر کے بھیڑ بھاڑ والے علاقے میں ایک خاتون بینک ملازمہ کے گلے سے سونے کی زنجیر کھینچ کر موٹر سائیکل سوار بدمعاش فرار ہو گیا۔ اس معاملہ میں دیہات کوتوالی میں تحریر دے کر کارروائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ دیہات کوتوالی کے تحت محلّہ رائے پور راجا کی ارپیتا پرجاپتی بنت سبھاش چند پرجاپتی شہر کے ڈگیہا واقع اسٹیٹ بینک برانچ میں کلرک کے طور پر تعینات ہیں۔ ارپیتا نے دیہات کوتوالی میں دی گئی تحریر میں کہا ہے کہ 18 اپریل کی شب تقریباً 9 بجے وہ بینک سے اپنی اسکوٹی کے ذریعہ اپنے گھر واپس جا رہی تھی کہ راستہ میں اندرا اسٹیڈیم کے مین گیٹ کے سامنے ایک موٹر سائیکل سوار بدمعاش ان کے گلے سے زنجیر کھینچ کر فرار ہو گیا۔ زنجیر کا وزن چار گرام بتایا گیا ہے۔ واردات کی جانکاری ملتے ہی بینک کے افسران موقع پر پہنچے۔ اسی دوران پولیس نے بھی موقع پر پہنچ کر جائے واردات کا معائنہ کیا۔ اس معاملہ میں پولیس سے مقدمہ درج کر کے کارروائی کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بھیڑ بھاڑ والے مین روڈ پر ہوئی اس واردات سے آس پاس کے لوگوں میں خوف پیدا ہو گیا ہے۔ اس واردات کے بعد ایس پی نے سی او سٹی کی قیادت میں دو ٹیمیں تشکیل دے کر واردات کا جلد خلاصہ کر کے بدمعاش کو گرفتار کرنے کی ہدایت دیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایسی واردات دوبارہ نہ ہو اس کیلئے مقامی پولیس افسران کو ہدایت دی گئی ہے۔

دھورہرا لوک سبھا حلقہ کے اخراجات مشاہد کی نے افسران کے ساتھ میٹنگ

لکھیم پور کھیری (ایس این بی) الیکشن کمیشن کے ذریعے طے شدہ گائیڈ لائن کے مطابق پر امن ماحول میں غیر جانبدارانہ طریقے سے الیکشن مکمل کرانے کے لیے الیکشن کمیشن کے ذریعے بنائے گئے کھیری پارلیمانی حلقہ کے مشاہد برائے اخراجات (ایکسپنڈیچر آبزرور) سدیپت پال نے کلکٹریٹ میں الیکشن کے اخراجات پر نگرانی رکھنے کے لیے تشکیل دی گئی ٹیموں کے ساتھ میٹنگ کرتے ہوئے امیدواروں کے اخراجات پر باریکی سے نگاہ رکھنے کی ہدایت دی ہے- میٹنگ کے آغاز میں چیف ترقیاتی افسر انل کمار سنگھ نے آبزرور سودیپت پال کا خیر مقدم کرتے ہوئے میٹنگ کی ضرورت و اہمیت پر روشنی ڈالی- آبزرور نے میٹنگ میں موجود افسران کا تعارف حاصل کرتے ہوئے الیکشن میں ان کی ذمہ داریوں کے بارے میں جانکاری حاصل کی- آبزرو نے کہا کہ امیدوار الیکشن کے دوران جو بھی رقم خرچ کرتے ہیں اسے رجسٹر میں درج کیا جائے- سبھی الیکشن اخراجات ٹیمیں آپس میں رابطہ رکھتے ہوئے ذمہ داریوں کو انجام دیں- چیک پوسٹ اور ناکوں پر رینڈم چیکنگ کی جائے- انہوں نے پولیس، انکم ٹیکس، آبکاری، نارکوٹکس، ٹرانسپورٹ، سیل ٹیکس وغیرہ سبھی محکموں کو غیر جانبدارانہ اور بے خوف ماحول میں الیکشن کرانے کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے انجام دینے کی ہدایت دی- انہوں نے ضلع میں اب تک محکمہ وار کی گئی کارروائیوں کے بارے میں تفصیل سے جانکاری حاصل کی- آبزرور نے سبھی معاون آبزرورز سے امیدواروں کے ذریعے کیے جا رہے عوامی جلسوں اور ریلیوں کے دوران خرچ کی مانیٹرنگ کی پیشرفت کے بارے میں تفصیل سے جانکاری حاصل کی- انہوں نے ایف ایس ٹی و ایس ایس ٹی کی سرگرمی کے بارے میں بھی پوچھا اور ہدایت دے کہ سبھی معاون آبزرورز مسلسل دورہ کرتے رہیں اور یقینی بنائیں کہ الیکشن کمیشن کے ذریعے مقرر کیے گئے خرچ سے متعلق گائیڈ لائن پر سبھی امیدوار عمل کریں گے- کسی حالت میں لاپرواہی نہیں ہونا چاہیے- میٹنگ کے دوران چیف ترقیاتی افسر کے علاوہ اے ڈی ایم سنجے کمار، ایس ڈی ایم شردھا سنگھ، رتنا کر مشرا، کار تکے سنگھ، اشونی سنگھ و رینو مشرا وغیرہ موجود رہے-

میونسپل کمشنر کا کئی علاقوں کا معائنہ

شاہجہاں پور (ایس این بی) آج میونسپل کمشنر پون کمار مشرا نے میونسپل کارپوریشن کے افسران کے ساتھ ہنومت دھام، کیرو گنج، چار کھمبا، چوک وغیرہ علاقوں کا معائنہ کیا اور صفائی کے نظام کی حالت دیکھی۔ معائنہ کے دوران صفائی ملازمین کو وارڈ میں صفائی ستھرائی کا کام کرتے ہوئے پایا گیا۔ جس کے بعد صفائی کے نظام کو سرفہرست رکھنے کے لیے صفائی کا کام ایمانداری سے کرنے کی ہدایت کی گئی۔ میونسپل کمشنر کی جانب سے ڈرین کی صفائی کے کام کا حال بھی دیکھا گیا۔ ہدایت کی گئی کہ نالے کی صفائی کے بعد نالے سے نکلنے والی گاد/ ملبہ وغیرہ کو فوری طور پر ہٹایا جائے تاکہ عوام کو آمد و رفت میں کسی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دکانوں کے سامنے سے ناجائز تجاوزات ہٹانے کے لیے متعلقہ افراد کو ہدایت جاری کی گئی۔ معائنہ کے دوران سٹی ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر منوج کمار مشرا، جنرل منیجر واٹر سور بھ شریواستو، ایگزیکٹیو آفیسر کنسٹرکشن آشیش ترویدی، جونیئر انجینئر واٹر ورکس منوج کمار، اسسٹنٹ انجینئر (پاتھ لائٹنگ) نریش کمار اور دیگر افسران اور ملازمین موجود تھے۔

خود ہم نے ہی چُنے ہیں یہ دشوار راستے ☆ ویسے تو دسترس میں تھیں آسانیاں تمام

معروف شاعر اختر شاہجہاں پوری کی رہائش گاہ پر عید ملن و شعری نشست

شاہجہاں پور (ایس این بی) گزشتہ شب محلّہ رنگین چوپال واقع معروف شاعر اختر شاہجہاں پوری کی رہائش گاہ پر عید ملن شعری و ادبی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں مقامی شعراء نے اپنی غزلوں سے سبھی کو محظوظ کیا۔ پروگرام کی صدارت اختر شاہجہاں پوری نے کی۔ مہمان خصوصی انجمن ادریسیہ کے ضلع صدر محبوب حسین ادریسی تھے۔ نظامت راشد ندیم نے کی۔ نشست کا آغاز اصغر یاسر و فہیم بسمل نے نعت پاک سے کیا۔ نشست میں پسند کئے گئے اشعار نذر قارئین ہیں۔

جو بھی چاہے خرید لے مجھ کو
میں بڑے شہر کی دکان میں ہوں
اختر شاہجہاں پوری

ہے خبر پہلے بھی ایسے ہو چکے ہیں حادثے
ڈوب جائیں گے مسافر، نا خدا رہ جائے گا
اصغر یاسر

خود ہم نے ہی چُنے ہیں یہ دشوار راستے
ویسے تو دسترس میں تھیں آسانیاں تمام
راشد ندیم

تمہیں جب یاد آئیں گی ہمارے پیار کی باتیں
تو پھر ترک تعلق کا سبب بھی یاد آئے گا
حمید خضر

جس کے سایے میں ٹھہر جاتے تھے دورانِ سفر
اب کے تو راہ کا وہ پیڑ بھی سوکھا دیکھا
راشد حسین راہی

ذہن و دل میں بھر دی ہیں تلخیاں جو دنیا نے
میرا نرم لہجہ بھی سب کو 7 کڑوا لگتا ہے
فہیم بسمل

اسی بھوک نے مجھے رسیوں پہ بھی سیدھا چلنا سکھا دیا
لو کٹھن ہنر مجھے آ گیا مرے دل سے گرنے کا ڈر گیا
عشرت صغیر

مہمان خصوصی محبوب حسین نے کہا کہ اس طرح کی ادبی اور شعری نشستوں کی آج بہت ضرورت ہے۔ آج کی نوجوان نسل کو اردو زبان و ادب سے جوڑنا ہم سب کی مشترکہ ذمّہ داری ہے۔ اس سے قبل سبھی شعراء نے اختر شاہجہاں پوری کی عیادت بھی کی۔ آخر میں میزبان اختر شاہجہاں پوری نے سبھی کا شکریہ ادا کیا۔